Punjab Education, Curriculum, Training and Assessment Authority

تسریع التّعلّم پروگرام (ALP)

برائے مضمون اسلامیات لازمی جماعت گیارھویں

تعلیمی سیشن 27-2026

اسلامیات لازمی جماعت گیارھویں کی ٹیکسٹ بک میں سے طلبہ کی سہولت کے پیشِ نظر درج ذیل احادیثِ مبارکہ اور اسباق حذف کیے جا رہے ہیں تاکہ طلبہ بقیہ تمام اسباق پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے بھرپور تیاری کر سکیں۔

باب اوّل: احادیثِ مبارکہ نمبر 3، 5، 8 اور 12

باب چہارم: معاشرتی تعلقات کے اخلاق و آداب

باب پنجم: وراثت کی اسلامی تعلیمات

باب ششم: صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم (پیر سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ، میاں شیر محمد شرقپوری رحمۃ اللہ علیہ)

باب ہفتم نظامِ اسلام کی نشاۃ ثانیہ اور مسلمانوں کی ذمہ داریاں

امتحانی بورڈ کے پرچہ مرتّبین کے لیے لازم ہے کہ سوالیہ پرچہ ترتیب دیتے ہوئے درج بالا باب/عنوانات میں معروضی، انشائی و دیگر نوعیت کے سوالات میں سے کوئی سوال یا جز شامل نہ کریں۔

نوٹ: یہ تسریع التعلّم پروگرام (ALP) صرف تعلیمی سیشن 26-2025 کے لیے بنایا گیا ہے۔

PECTAA

امتحانی پرچہ اسلامیات لازمی برائے گیارہویں جماعت

ممتحنین (Paper Setters) کے لیے ضروری ہدایات

اسلامیات لازمی برائے گیارہویں جماعت کا سالانہ پرچہ 50 نمبروں پر مشتمل ہوگا، جس کے لیے طلبہ کو دو گھنٹے کا وقت دیا جائے گا۔ یہ پرچہ تین اجزا پر مشتمل ہوگا، جس کی تقسیم (Pairing Scheme) حسبِ ذیل ہے:

حصہ اول: کثیر الانتخابی سوالات (کل نمبر 10)

حصہ دوم: مختصر سوالات (کل نمبر 20)

حصہ سوم: (i) ترجمہ احادیث مبارکہ (کل نمبر 4)

(ii) تفصیلی سوالات (کل نمبر 16)

نوٹ: یہ پیرنگ سکیم (Pairing Scheme) حذف شدہ عنوانات کو ملحوظ رکھ کر بنائی گئی ہے اور صرف تعلیمی سیشن 27-2026 کے لیے بنائی گی ہے۔

درج بالا تینوں حصوں کے مختلف سوالات کی تیاری کے لیے درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں:

حصہ اول	**سوال نمبر 1:** کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)	کل نمبر (10)	کثیر الانتخابی سوالات کی تیاری کے لیے پوری کتاب کے متن کو ملحوظ رکھیں۔ جس کی تقسیم حسبِ ذیل ہے: بابِ اوّل، باب چہارم، باب پنجم، باب ششم اور باب ہفتم میں سے ایک ایک سوال، باب دوم میں سے تین اور باب سوم میں سے دو کثیر الانتخابی سوالات بنائے جائیں۔
حصہ دوم	**سوال نمبر 2:** مختصر سوالات (باب اول تا سوم)	کل نمبر (10)	اس حصے میں کل آٹھ (8) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے پانچ (5) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف بابِ اول، باب دوم اور باب سوم کی مشقوں میں سے ہی پوچھے جائیں۔ **(ہر باب سے کم از کم دو سوال شامل کریں۔)**
	سوال نمبر 3: مختصر سوالات (باب چہارم تا ہفتم)	کل نمبر (10)	اس حصے میں کل آٹھ (8) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے پانچ (5) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف بابِ چہارم، باب پنجم، باب ششم اور باب ہفتم کی مشقوں میں سے ہی پوچھے جائیں۔ **(چاروں ابواب سے دو دو سوال شامل کریں۔)**
حصہ سوم	**سوال نمبر 4:** احادیث کا ترجمہ	کل نمبر (4)	باب اوّل میں دی گئی منتخب احادیث میں سے چار احادیث پرچے میں دی جائیں، جن میں سے دو کا ترجمہ پوچھا جائے۔ ایک حدیث کا ترجمہ کرنے کے کل نمبر دو (2) ہیں۔ **نوٹ:** احادیث کا ترجمہ صرف بابِ اول میں دی گئی منتخب شدہ گیارہ (11) احادیث میں سے ہی پوچھا جائے، کتاب میں دوسرے مقامات پر دی گئی احادیث/ حذف شدہ احادیث کا ترجمہ نہ پوچھا جائے۔
	سوال نمبر 5: تفصیلی سوالات	کل نمبر (4)	کتاب کی مشقوں میں دیے گئے تفصیلی سوالات میں سے چار (4) دیے جائیں اور ان میں سے دو سوالوں کا جواب پوچھا جائے۔ ہر سوال کا جواب آٹھ (8) نمبروں پر مشتمل ہوگا۔ ان چار (4) سوالوں کے لیے اجزا کا انتخاب درج ذیل ترتیب کے مطابق کیا جائے اور حذف شدہ عنوانات میں سے سوال نہ دیے جائیں: (i) پہلا جز باب اوّل یا باب سوم سے لیا جائے۔ (ii) دوسرا جز باب دوم سے لیا جائے۔ (iii) تیسرا جز باب چہارم یا باب پنجم سے لیا جائے۔ (iv) چوتھا جز باب ششم یا باب ہفتم سے لیا جائے۔

PCTAA

ماڈل پرچہ اسلامیات (لازمی) برائے گیارہویں جماعت

کل نمبر: 50 **وقت: 2 گھنٹے**

(حصہ اوّل)

سوال نمبر 1: درست جواب کا انتخاب کیجیے: (10 کل نمبر)

(i) قرآنِ مجید تمام آسمانی کتب کے لیے ہے:

(الف) ترجمہ (ب) نگران (ج) تشریح (د) دیباچہ

(ii) کائنات میں مختلف جہانوں کا وجود اور ان میں اختلاف و تنوع پتا دیتا ہے:

(الف) ٹیکنالوجی کا (ب) ترقی کا (ج) خالقِ حقیقی کا (د) قربِ قیامت کا

(iii) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں آئے گا، اس عقیدے کو کہتے ہیں:

(الف) عقیدۂ تقدیر (ب) عقیدۂ آخرت (ج) عقیدۂ توحید (د) عقیدۂ ختمِ نبوت

(iv) مالِ غنیمت میں سے اللہ تعالیٰ، رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ اور اہلِ بیتِ اطہار رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا حصہ کہلاتا ہے:

(الف) عشر (ب) خمس (ج) صدقۂ فطر (د) جزیہ

(v) ریاستِ مدینہ میں دین کی تعلیم کے لیے جو درس گاہ قائم کی گئی اس کا نام تھا:

(الف) دارِارقم (ب) دارالعلوم (ج) صفہ (د) دارالھجرۃ

(vi) انصارِ مدینہ کی اکثریت کا پیشہ تھا:

(الف) کان کنی (ب) زراعت (ج) ملازمت (د) ماہی گیری

(vii) حدیثِ مبارک کی روشنی میں دین نام ہے:

(الف) صبر کا (ب) خیر خواہی کا (ج) مشقت کا (د) محنت کا

(viii) حدیثِ مبارک میں بیوہ اور مسکین کے لیے دوڑ دھوپ کرنے والے کو قرار دیا گیا:

(الف) سخی (ب) محسن (ج) مجاہد (د) صابر

(ix) حضرت سیدنا امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کی دعاؤں پر مشتمل کتاب کا نام ہے:

(الف) صحیفہ صادقہ (ب) صحیفہ صحیحہ (ج) صحیفہ جابر (د) صحیفہ سجادیہ

(x) حضرت یوسف علیہ السلام کی منصوبہ بندی سے قحط سے محفوظ ہوا:

(الف) مصر (ب) عراق (ج) حجاز (د) شام

PECTAA

(حصہ دوم)

سوال نمبر2: درج ذیل میں سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے: (2x5=10)

(i) آیاتِ احکام کے بارے میں مختصراً تحریر کریں۔

(ii) صحاحِ ستہ میں سے دو کتب کے نام مع مؤلفین تحریر کریں۔

(iii) آسمانی کتابوں کی مشترکہ تعلیمات میں سے دو تحریر کیجیے۔

(iv) روزے کے انسانی صحت پر کوئی سے دو اثرات تحریر کریں۔

(v) قربانی کا فلسفہ بیان کریں۔

(vi) ریاستِ مدینہ کے تعلیمی نظام میں ہمارے لیے کیا راہ نمائی ہے؟

(vii) خاندان کے سربراہ کے لیے سیرتِ طیّبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ میں کیا عملی راہ نمائی ہے؟

(viii) ارتکازِ دولت معاشی نظام میں بگاڑ کا سبب ہے، وضاحت کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل میں سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے: (2x5=10)

(i) رشوت ستانی کیسے دوسروں کے حقوق کو سلب کرتی ہے؟

(ii) تحقیرِ انسانیت کی مروجہ صورتوں میں سے دو صورتیں تحریر کریں۔

(iii) آپ اپنے اساتذہ کرام کا کیسے احترام کرتے ہیں؟

(iv) عدّت کی اقسام تحریر کریں۔

(v) خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنھم کی دو نمایاں خصوصیات تحریر کریں۔

(vi) حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کی علمی خدمات تحریر کریں۔

(vii) اسلاموفوبیا کی دو صورتیں تحریر کریں۔

(viii) قانون کے احترام کی اہمیت مختصراً تحریر کریں۔

(حصہ سوم)

سوال نمبر4: درج ذیل میں سے کوئی سی دو احادیث مبارکہ کا اردو ترجمہ کیجیے: (2+2=04)

(الف) نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِيْهِمَا كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ

(ب) مَنْ رَأَى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ، وَذٰلِكَ أَضْعَفُ الْإِيْمَانِ

(ج) لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَشَبِّهِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَآءِ وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَآءِ بِالرِّجَالِ

(د) لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ

سوال نمبر5: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے تفصیلی جواب دیجیے: (16=08+08)

(i) نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی معاشی تعلیمات پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

(ii) زکوٰۃ کے احکام و مسائل اور معاشرتی اثرات پر نوٹ لکھیں۔

(iii) قرآن و سنّت کی روشنی میں نکاح و طلاق کے احکام و مسائل پر تفصیلی مضمون قلم بند کریں۔

(iv) "اسلاموفوبیا اور مسلمانوں کی ذمہ داریاں" کے عنوان پر بحث کریں۔

PECTAA